پشاور اسلامیکس

ششماہی تحقیقی مجلہ علوم اسلامیہ

جلد:۲ | جولائی-دسمبر ۲۰۱۱ء | شمارہ:۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اداریہ

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ''پشاوراسلامیکس'' کا چوتھا شمارہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔اس میں شامل تمام مقالات ''پشاوراسلامیکس'' کی روایات کے مطابق تصحیح وتنقیح کے مختلف مراحل سے گذرے۔اگرچہ اشاعت کے لئے بہت سارے مقالات موصول ہوئے تاہم صرف اُن مقالات کو شامل اشاعت کیا گیاجو اہل فن کی آراء کے مطابق تحقیق کے معیار پر پورے اترے۔

یہ امر اطمینان بخش اور حوصلہ افزاء ہے کہ '' پشاور اسلامیکس'' میں اشاعت کی غرض سے مقامی اور ملکی جامعات کے ساتھ ساتھ تدریس وتحقیق سے وابستہ بیرون ملک اہل علم بھی اپنے مقالات بھیج رہے ہیں(فللّٰہ الحمد)۔ ہماری کوشش رہتی ہے کہ مجلّہ میں اُن مقالات کی حوصلہ افزائی کی جائے جن میں عصر حاضر کے درپیش مسائل کا اسلامی حل پیش کرنے کی سعی کی گئی ہو۔لہٰذا مقالہ نگار اہلِ تحقیق اس طرف توجہ مبذول کریں۔ تاہم تعلیم وتدریس اور تصنیف وتالیف ایک مسلسل عمل کا عنوان ہے اور اس میں ہر وقت خوب سے خوب تر کی تلاش جاری رہتی ہے اس لئے ہر حوالہ سے مجلّہ کی مزید بہتری کے لئے ہم اہل علم کی آراء کے منتظر رہتے ہیں۔

پشاور اسلامیکس کے ہر شمارے کے سرورق پر خیبر پختونخواہ اور پاکستان میں اسلامی ثقافت اور علوم اسلامیہ میں جذبۂ تحقیق کو اجاگر کرنے کی غرض سے ہر مرتبہ جو نئی نایاب تصویر اورانگریزی سرورق کے اندر کے صفحے پر اس کی جو وضاحت پیش کی جاتی ہے، اہل علم دوست واحباب اور محققین نے اسے بہت پسند کیا ہے۔

آخر میں ان تمام خواتین وحضرات کا شکر گزار ہوں، جنہوں نے آپ کے ہاتھوں تک پہنچنے کے لئے '' مجلّہ '' کی اشاعت میں کسی بھی قسم کا تعاون کیا۔

خیر اندیش

معراج الاسلام ضیاء

[مدیر]